# چیئرمین کی جائزہ رپورٹ

مجھے پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے شراکت داروں کے سامنے یہ جائزہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے جس میں ہمارے بورڈ (مجلس نظماء) کی مجموعی کارکردگی اور کمپنی کے مقاصد کے حصول میں بورڈ کے ذریعے ادا کئے گئے کردار کو نمایاں کیا گیا ہے۔

پی آئی بی ٹی کا بورڈ آف ڈائریکٹر (مجلس نظماء) اور اس کی کمیٹیوں کی تشکیل، طریقہ کار اور اجلاس کے حوالہ سے کمپنیز ایکٹ 2017 اور فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کاروباری نظم و نسق) ریگولیشنز، 2019 کی مکمل تعمیل کرتا ہے۔

بورڈ (مجلس نظماء) کارپوریٹ ضابطے کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہے، شفافیت، جوابدہی اور شراکت داران کے لئے طویل مدتی قدر کی تخلیق کو یقینی بنانے میں اس کے اہم کردار کو تسلیم کرتا ہے۔ اس میں خواتین کی نمائندگی سمیت آزاد، غیر ایگزیکٹو اور ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کا متنوع مجموعہ شامل ہے۔ یہ تنوع مختلف نقطہ نظر اور مہارت کو اکٹھا کر کے فیصلہ سازی کو تقویت بخشتا ہے، اس طرح ضابطے کے اثرات میں اضافہ ہوتا ہے۔

دوران برس بورڈ (مجلس نظماء) اور اس کی کمیٹیوں کے باقاعدگی سے اجلاسات منعقد ہوتے رہے، اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کو یقینی بنایا گیا۔ اس فعالیت نے ڈائریکٹرز (نظماء) کو اس قابل بنایا کہ وہ اپنے حقیقی فرائض کو مؤثر طریقہ سے ادا کر سکیں۔ نگرانی، رہنمائی اور جوابدہی فراہم کرتے ہوئے ریگولیٹری تقاضوں اور بہترین ضابطوں کے طریقوں کے مطابق ہو۔ بورڈ (مجلس نظماء) بھی فعال اور جوابدہ رہا، جس سے انتظامیہ کو مختلف اسٹریٹیجک اور آپریشنل چیلنجوں میں مدد اور رہنمائی فراہم کی۔

سال کے دوران، بورڈ (مجلس نظماء) نے اسٹریٹیجک سمت فراہم کی اور انتظامیہ کی فعال رہنمائی کی تاکہ کاروباری حکمت عملیوں کی طویل مدتی مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ کیا جاسکے، جیسے کہ ٹرمینل پر معدنیات کی برآمدات سنبھالنے کی صلاحیت کو بڑھانا، جو کہ قوم اور ہمارے شراکت داران کے لئے قدر پیدا کرے گا۔ اگرچہ کارگو کی مقدار میں کمی آئی لیکن بورڈ (مجلس نظماء) کی بروقت رہنمائی اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون نے آپریشنل مؤثریت اور لچک کو برقرار رکھا، جبکہ اس کی اسٹریٹیجک نگرانی، محتاط سرمایہ مختص کرنے اور مالی نظم و ضبط پر توجہ دی گئی جس نے پائیدار ترقی کو بڑھانا جاری رکھا۔

ہم مؤثر کارروائیوں، قابل اعتماد مالیاتی رپورٹنگ اور قوانین اور ضوابط کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے ایک مضبوط داخلی انضباطی نظام مؤثر رکھنے کے لئے پرعزم ہیں۔ بورڈ (مجلس نظماء) داخلی کنٹرول کے نظام کی مناسبت اور تاثیر کا ایک جامع سالانہ جائزہ لیتا ہے۔ اس جائزے میں کلیدی کنٹرولز کے ڈیزائن اور آپریشنل کارکردگی کا جائزہ لینا، بہتری کے لئے ممکنہ شعبوں کی نشاندہی کرنا اور جہاں ضروری ہو اصلاحی اقدامات کے بروقت نفاذ کو یقینی بنانا شامل ہے۔ آڈٹ کمیٹی کی آراء سمیت مکمل جائزہ کے بعد بورڈ سسٹم کی مضبوطی سے مطمئن ہے اور حصص یافتگان کے مفادات کے تحفظ کے لئے اور اس کی بہتری کے لئے پرعزم ہے۔

مجموعی طور پر بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی کارکردگی کا سالانہ جائزہ ضابطہ برائے کاروباری نظم و نسق کے تقاضوں کے مطابق لیا گیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ بورڈ کی مجموعی کارکردگی ترقی یافتہ جامع معیار کے عین مطابق ہے اور اس نے بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی جانب سے ادا کئے گئے کردار کی مجموعی کارکردگی اور تاثیر کا جائزہ لیا گیا ہے جو کہ قابل اطمینان ہے۔

مزید بر آں، بورڈ (مجلس نظماء) نے پائیداری کے خطرات اور مواقع پر اپنی توجہ برقرار رکھی ہے، ماحولیاتی، سماجی اور ضابطی (ای ایس جی) اصولوں پر انتہائی زور دیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ان اصولوں کو ترجیح دینے سے مالیاتی اشارے آگے بڑھیں گے اور ہمارے اسٹریٹیجک اہداف کو مدد ملے گی۔ ان اصولوں کو ہماری کارپوریٹ ثقافت اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرتے ہوئے بورڈ (مجلس نظماء) ماحولیاتی اور سماجی ذمہ داری کے اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھنے کے لئے ہمہ وقت پرعزم ہے۔ ان کوششوں سے نہ صرف کمپنی کی مالی کارکردگی میں بہتری آئی ہے بلکہ ہمارے طویل مدتی اہداف کے لئے بھی مدومعاون ہیں۔ اپنی کارپوریٹ سماجی وابستگیوں کے مطابق ہم نے کم مراعات یافتہ علاقائی برادریوں کے لئے اقدامات کو تیز کیا ہے، جس میں معیاری تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، حفظان صحت اور خوراک تک رسائی کو بہتر بنانے پر توجہ دی گئی ہے اور ہم آئندہ بھی ان کاوشوں کو مزید بہتر بناتے رہیں گے۔

بورڈ (مجلس نظماء) اور کمپنی کی جانب سے، میں انتظامیہ کی ٹیم، ہمارے پرعزم ملازمین، ریگولیٹر پورٹ قاسم اتھارٹی، قرض دہندگان، فروخت کنندگان، ٹھیکہ داران اور قابل قدر حصص یافتگان کا ان کے اعتماد اور تعاون کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

کیپٹین حلیم احمد صدیقی

چیئرمین

کراچی: مؤرخہ 15۔ ستمبر 2025ء